الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name :> **ahsanullah**		Serial No :> **10203**	
Address :> **Quetta, Pakistan**		Fatwa No :>	
Subject :> **SWAB-GUNAH**		Date :> **11/14/2010**	
Writer :>		Email :>	

Salmualaikum. Janab Muhtaram Mufti Sahiban, apse guzarish hai k Quran o Sunnat ki roshni me is baat ka jawab den. Agar aik aurat be pardagi se qabristan jaati hai to kya wo aurat waha k murdun ko be parda(baghair kapro k)nazar ati hai?

Dosra sawal. Agar aik insan faut hojaye or usse qabristan me dafna dya jaye to kya wo waha sirf aik lash ki tarah parha rehta hai ya koi rooh bi uske sat hoti hai jis per Azaab nazil hota hai?

Barah e mahrabani quran o sunnat ki roshni me is baat ki wazahat kijiye.

Wasalam.

السلام علیکم - جناب محترم مفتی صاحبان! آپ سے گزارش ہے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں اس بات کا جواب دیں۔ ① اگر ایک عورت بے پردگی سے قبرستان جاتی ہے تو کیا وہ عورت وہاں کے مردوں کو بھی بے پردہ نظر آتی ہے؟

دوسرا سوال: ② اگر ایک انسان فوت ہوجائے اور اسے قبرستان میں دفن کردیا جائے تو وہ وہاں صرف ایک لاش کیطرح پڑا رہتا ہے یا کوئی روح بھی اسکے ساتھ ہوتی ہے جس پر عذاب نازل ہوتا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً

① جس حالت میں عورت قبرستان جاتی ہے اسی طرح مُردوں کو بھی نظر آتی ہے۔

کما فی الشامیة: - ثم من آداب الزیارة ما قالوا: من انه یأتی الرجل من قبل رجلی المتوفی لا من قبل رأسه لانه اتعب لبصر المیت، بخلاف الاول لانه یکون مقابل بصره الخ (۲-/۲۴۲ص)۔

② اہل سنت والجماعة کا عقیدہ ہے کہ راحت وعذاب قبر روح اور بدن دونوں کو ہوتا ہے ائمہ اربعہ اس پر متفق ہیں۔ البتہ معتزلہ اور روافض کا عقیدہ ہے کہ راحت وعذاب قبر فقط روح پر ہے۔

کما فی شرح فقه الاکبر: (واعادة الروح) ای ردها وتعلقها (الی العبد) ای جسده بجمیع اجزائه او ببعضها مجتمعة او متفرقة (فی قبره حق) (الی قوله) وفی المسئلة خلاف المعتزلة وبعض الرفضة الخ (شرح فقه اکبر لملا علی قاری: ص۱۰۰) واللہ اعلم

حبیب اللہ عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی ۱۶
۲۷ ربیع الاول ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۷/۳/۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۳۰ ربیع الاول ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
[illegible]
۱۴۳۲

13/3/11